DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 27.10.2024

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | بلوچستان کے پسماندہ علاقوں تک صحت کی سہولیات پہنچانا چیلنج سے کم نہیں، گورنر۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | بھارت نے کشمیری عوام پر ظلم وبربریت کی انتہا کردی، وزیر اعلیٰ بگٹی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | طبی مراکز میں عملے اور ادویہ کی کمی دور کرنا اولین ترجیح ہے، بخت محمد کاکڑ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 04 | حکومت نے شمسی توانائی منصوبے کو مختصر عرصے میں عملی جامع پہنایا، علی مددجتک۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | جسٹس یحییٰ آفریدی کو قانون پر عبور حاصل ہے، میر اسلم احمد کھوسہ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | پرائیوٹ سیکٹرز کو کوئٹہ سے کچرہ اٹھانے کا ٹاسک دیدیا گیا، حمزہ شفقات۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | پولیس آفسران کے تبادلوں کے احکامات پر 20 روز بعد بھی عملدرآمد نہ ہوسکا۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | محکمہ کھیل بلوچستان کے پاس گریڈ 17 کے آفیسر کم پڑھ گئے۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | پشین میں 65 غیر حاضر اساتذہ ملازمت سے برطرف۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | پارٹی رہنماؤں کو قید خانے میں درپیش مشکلات پر تشویش ہے، بی این پی۔ | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 11 | اختر مینگل کے خلاف ایف آئی آر، اختر مینگل لانگو ودیگر کی گرفتاری پر دکھ ہوا، پشتونخوا میپ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | سیاسی کارکن جیلوں میں ملکی حالات مارشل لاء سے بھی بدترین ہیں، ڈاکٹر مالک بلوچ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان:

خضدار فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ایک زخمی، اوستہ محمد چوروں اور گھر کے سربراہ کے درمیان فائرنگ 2 بہنیں جاں بحق، قلات فائرنگ سے ایک شخص ہلاک دو افراد گرفتار، دکی دھماکے کے باعث گاڑی میں سوار 4 سیکورٹی اہلکار زخمی۔

## عوامی مسائل:

بارڈر بندش کے خلاف رخشان مکران ٹریڈ الائنس کا کل احتجاج ومظاہرہ کا اعلان۔

مورخہ 27.10.2024

## اداریہ:

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "**بلوچستان میں زراعت کے شعبے میں بہتری لانے کیلئے وفاقی اور صوبائی حکومت کے انقلابی اقدامات!**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ بلوچستان ایک زرعی صوبے ہے تقریباً 80 فیصد سے زائد آبادی کا انحصار زراعت پر ہے۔ بلوچستان کو غذائی پیداوار میں خود کفیل بنانے کیلئے حکومتی دلچسپی ناگزیر ہے۔ بلوچستان میں پانی کی قلت اور بجلی کی عدم فراہمی جیسے اہم مسائل کی وجہ سے بلوچستان اب تک غذائی پیداوار میں خود کفیل نہیں بن سکا ہے۔ بلوچستان میں 2 کروڑ سے زائد ایکڑ زرخیز مین کاشت کاری کیلئے موزوں ہے جسے آباد کرنے کیلئے پانی کی کمی کا سامنا ہے جس کیلئے ڈیمز کی تعمیر ناگزیر ہے تاکہ گرین بیلٹ سمیت دیگر

CamScanner

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

اضلاع کی زمینیں آباد ہوں اور بلوچستان میں غذائی پیداوار میں تیزی سے اضافہ ہو جس سے زمینداروں کو تو فائدہ پہنچے گا ساتھ ہی بلوچستان حکومت بھی غذائی پیداوار کے ذریعے اپنی آمدن بڑھائے گا۔ ایک اہم مسئلہ زرعی ٹیوب ویلوں کی شمسی توانائی پر منتقلی سے حل ہونے جارہا ہے جس کا افتتاح گزشتہ دنوں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پشین میں کیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے تقریب سے خطاب کے دوران کہا کہ مجھے خوشی ہے کہ جو خواب دیکھا تھا آج اسے حقیقت میں بدل دیا گیا۔

**اداریے:**

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ نے **"کوئٹہ کی خوبصورتی جاری ترقیاتی عمل کی بروقت تکمیل ناگزیر"** کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ جنگ کوئٹہ نے **"میٹرو پولیٹن کارپوریشن مکمل فعال بلوچستان کے چہرے کوئٹہ کا حسن بحال ہو رہا ہے"** کے عنوان سے عارف محمود انار کی خصوصی رپورٹ تحریر کی ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ **"Cases against BNP leaders"** کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ایکسپریس کوئٹہ **"Green Revolution with 28000 Solar Tube wells"** کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین:**

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے **"یوم سیاہ کشمیر کی آزادی کی جدوجہد کا مظہر"** کے عنوان سے طارق خان ترین کا مضمون تحریر کیا ہے۔

**برائے ڈائریکٹر جنرل**
**نظامت تعلقات عامہ بلوچستان**

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated 27 OCT 2024

Page No. 1

## پسماندہ علاقوں میں صحت کی سہولیات کی فراہمی چیلنج ہے، گورنر

جعفر مندوخیل کی جسٹس یحییٰ آفریدی کو چیف جسٹس کے عہدے پر تعیناتی پر مبارکباد، نیک تمناؤں کا اظہار

کوئٹہ (خ ن) گورنر جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ قلیل لیکن بکھری ہوئی آبادی کی وجہ سے بلوچستان جیسے پسماندہ علاقوں میں صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی ایک اہم چیلنج ہے۔ انہوں نے صوبے کے تمام مخیر حضرات اور بزنس کمیونٹی سے وابستہ افراد پر زور دیا کہ وہ دور افتادہ اضلاع میں صحت کے مراکز کے قیام اور صحت کی سہولیات عوام کی دہلیز پر پہنچانے میں بھرپور حصہ ڈالیں اور صحت، تعلیم اور صاف پانی کی فراہمی کو یقینی بنانے میں کلیدی کردار ادا کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈاکٹر کلیم اللہ ہیلتھ فاؤنڈیشن ہسپتال کے زیر اہتمام تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر صوبائی مشیر نسیم الرحمن، صوبائی سیکرٹری تعلیم حفیظ طاہر، چیئرمین فاؤنڈیشن ڈاکٹر کلیم اللہ کاکڑ، ڈاکٹر حقداد ترین، ایوان صنعت وتجارت کے صدر ایوب مریانی، ڈاکٹروں اور پیرامیڈکل اسٹاف سمیت زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد موجود تھے۔ اس موقع پر گورنر جعفر مندوخیل نے کہا کہ اگر ہمارے معاشرہ میں ہر ڈاکٹر ہفتے میں ایک دن بھی غریب لوگوں کو مفت طبی خدمات فراہم کرنے کیلئے وقف کرتا ہے تو اس سے مجموعی طور پر معاشرے پر مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔ قبل ازیں گورنر نے ڈاکٹر کلیم اللہ ہیلتھ فاؤنڈیشن ہسپتال کے مختلف حصوں کا معائنہ کیا اور فاؤنڈیشن کے احاطے میں آئی سی یو کا افتتاح کیا۔ دریں اثناء گورنر شیخ جعفر مندوخیل نے جسٹس یحییٰ خان آفریدی کو سپریم کورٹ آف پاکستان کے چیف جسٹس کے عہدے پر تعیناتی پر مبارکباد پیش کی، انہوں نے چیف جسٹس یحییٰ خان آفریدی کی مزید کامیابیوں کیلئے نیک تمناؤں اور خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ ان کی مدت ملازمت میں ملک میں مجموعی طور پر مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔



کوئٹہ، گورنر جعفر مندوخیل کلیم اللہ ہیلتھ فاؤنڈیشن کی تقریب کے شرکاء سے خطاب کررہے ہیں

MASHRIQ QUETTA

## بلوچستان کے پسماندہ علاقوں تک صحت کی سہولیات پہنچانا چیلنج سے کم نہیں، گورنر

مخیر حضرات اور بزنس کمیونٹی صوبے کے دور افتادہ اضلاع میں مراکز صحت کے قیام اور سہولیات دہلیز تک پہنچانے میں اپنا حصہ ڈالیں جعفر خان مندوخیل

اگر ہر ڈاکٹر ہفتے میں 1 دن غریب مریضوں کیلئے وقف کرے تو اس کے مثبت اثرات مرتب ہوں گے، ڈاکٹر کلیم اللہ ہیلتھ فاؤنڈیشن کے دورے کے موقع پر گفتگو

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ قلیل لیکن بکھری ہوئی آبادی کی وجہ سے بلوچستان جیسے پسماندہ علاقوں میں صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی ایک اہم چیلنج ہے انہوں نے صوبے کے تمام مخیر حضرات اور بزنس کمیونٹی سے وابستہ افراد پر زور دیا کہ وہ دور افتادہ اضلاع میں صحت کے مراکز کے قیام اور صحت کی سہولیات عوام کی دہلیز پر پہنچانے میں بھرپور حصہ ڈالیں اور صحت، تعلیم اور .......... 

بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

صاف پانی کی فراہمی یقینی بنانے میں کلیدی کردار ادا کریں ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈاکٹر کلیم اللہ ہیلتھ فاؤنڈیشن ہسپتال کے زیر اہتمام تقریب بعنوان "معاشرے کے غریب اور نادار لوگوں کو بنیادی طبی سہولیات کی فراہمی" کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر صوبائی مشیر نسیم الرحمان، صوبائی سیکرٹری تعلیم حفیظ طاہر، چیئرمین فاؤنڈیشن ڈاکٹر کلیم اللہ کاکڑ، ڈاکٹر حقداد ترین، سیداد آغا، ایوان صنعت وتجارت کے صدر ایوب مریانی، ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل اسٹاف سمیت زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کی ایک بڑی تعداد موجود تھی

## گورنر جعفر مندوخیل کی چیف جسٹس یحییٰ خان آفریدی کو مبارکباد

چیف جسٹس کی مدت ملازمت میں ملک میں مجموعی طور پر مثبت اثرات مرتب ہوں گے

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل نے معزز جسٹس یحییٰ خان آفریدی کو سپریم کورٹ آف پاکستان کے چیف جسٹس کے عہدے پر تعیناتی پر مبارکباد پیش کی ہے۔ انہوں نے.........

بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

چیف جسٹس یحییٰ خان آفریدی کی مزید کامیابیوں اور سرخروئی کیلئے نیک تمناؤں اور خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ ان کی مدت ملازمت میں ملک میں مجموعی طور پر مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔



گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل ڈاکٹر کلیم اللہ ہیلتھ فاؤنڈیشن ہسپتال کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے منعقدہ تقریب سے خطاب کررہے ہیں



گورنر جعفر خان مندوخیل ڈاکٹر کلیم اللہ ہیلتھ فاؤنڈیشن ہسپتال میں این آئی سی یو کا معائنہ کررہے ہیں

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 2

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

قیمت 35 روپے

جلد 53 | اتوار 23 ربیع الثانی 1446ھ 27 اکتوبر 2024ء | نمبر 295

## بھارت نے کشمیری عوام پر ظلم و بربریت کی انتہا کردی، وزیراعلیٰ بگٹی

### کشمیر پر بھارت کا غاصبانہ قبضہ قابل مذمت، اس یوم سیاہ کو ہم کبھی نہیں بھول سکتے، پیغام

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ 27 اکتوبر کا دن کشمیر پر بھارت کے غاصبانہ قبضے اور کشمیری عوام پر ڈھائے جانے والے مظالم کو بے نقاب کرنے کا دن ہے آج ہر پاکستانی بھارت کے اس غاصبانہ قبضے کی کوشش کی مذمت کرتا ہے جو 1947 میں سری نگر میں بھارت کی جانب سے کیا گیا اس یوم سیاہ کو ہم کبھی نہیں بھول سکتے، وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ سے جاری ایک بیان میں میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بھارت نے کشمیری عوام کے بنیادی حقوق کو دبانے کے لیے ظلم و بربریت کی انتہا کردی ہے تاہم آج بھی یوم حق خودارادیت کی تحریک جاری ہے اور کشمیری عوام کا حوصلہ بلند ہے اور وہ اپنے حقوق کے لئے جدوجہد آزادی میں پوری طرح سے متحرک ہیں 5 اگست 2019 کو بھارت نے عالمی قوانین کی خلاف ورزی کی کشمیری عوام نے بھارت کے تسلط اور ہر طرح کے اقدامات کو مسترد کرتے ہوئے ثابت قدمی سے اپنی جدوجہد کو قائم رکھا ہے پاکستان اپنے کشمیری بھائیوں کی حق خودارادیت کی مکمل حمایت کرتے ہوئے ان سے یکجہتی کا اظہار کرتا ہے اور 27 اکتوبر کو بلوچستان سمیت ملک بھر میں کشمیری بھائیوں سے مکمل اظہار یکجہتی کیا جائے گا، وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ خطے میں پائیدار قیام امن کیلئے مسئلہ کشمیر کو اقوام متحدہ کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق حل کرنا ضروری ہے۔

## سرفراز بگٹی کی چیف جسٹس پاکستان کی تقریب حلف برداری میں شرکت

### جسٹس آفریدی کی بحیثیت سربراہ سپریم کورٹ تعیناتی کا خیر مقدم کرتے ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان

اسلام آباد (خ ن) وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی کی تقریب حلف برداری میں شرکت کی، ایوان صدر میں منعقد ہونے والی تقریب میں وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور و دیگر اعلیٰ شخصیات شریک ہوئیں۔ دریں اثناء وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی نے اپنے بیان میں جسٹس یحییٰ آفریدی کو چیف جسٹس کا منصب سنبھالنے پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ انکی بحیثیت سربراہ سپریم کورٹ تعیناتی کا خیر مقدم کرتے ہیں، انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ جسٹس یحییٰ آفریدی قانون و آئین کی بالادستی کے لئے کلیدی کردار ادا کریں گے۔ بحیثیت جج انصاف کی فراہمی کے لئے ان کے گزشتہ فیصلے قانون و آئین کے مطابق نمایاں اہمیت کے حامل رہے ہیں، انہوں نے کہا کہ مساوات پر مبنی معاشرے کی تشکیل کے لئے اعلیٰ عدلیہ کا کردار فراموش نہیں کیا جاسکتا۔ پارلیمنٹ اور عدلیہ اپنے اپنے مینڈیٹ میں قانون کی حکمرانی اور بالادستی کے لئے اہم کردار کی حامل ہیں، آئینی بنچز کی جلد تشکیل انتہائی ناگزیر ہے، وزیراعلیٰ نے اس توقع کا اظہار کیا کہ اہم آئینی امور نمٹانے کے لئے جسٹس یحییٰ آفریدی آئینی بنچز کی تشکیل کے لئے پہلی فرصت میں اقدامات کریں گے۔ انہوں نے اس یقین کا اظہار کیا کہ چیف جسٹس یحییٰ آفریدی ہر سطح پر عدلیہ میں بہتری لاکر عوام کو بلا تاخیر انصاف کی سہل فراہمی کے لئے اپنا کردار ادا کریں گے۔

## پاکستانی کرکٹ ٹیم نے عمدہ کارکردگی سے کامیابی حاصل کی، وزیراعلیٰ بگٹی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے انگلینڈ کے خلاف ٹیسٹ سیریز میں پاکستانی کرکٹ ٹیم کی کامیابی پر ٹیم اور قوم کا مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستانی ٹیم نے بلاشبہ اچھے کھیل کا مظاہرہ کیا اسپنرز نے عمدہ اور متاثر کن کارکردگی دکھائی امید ہے یہ تسلسل مستقبل میں بھی جاری رہے گا وزیراعلیٰ نے ٹیم کے لئے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے مزید کامیابیوں کے لئے دعا کی۔



اسلام آباد: وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی، وفاقی وزیر تجارت جام کمال و دیگر کا گروپ

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 3

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 53 اتوار 23 ربیع الثانی 1446ھ 27 اکتوبر 2024ء صفحات 24 شمارہ 119

رجسٹرڈ BC-m-1 Email. mashriqqta2008@gmail.com PTCL 081-2827345 081-2827344 قیمت 35 روپے

# چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کو مبارکباد، اہم آئینی امور نمٹانے کیلئے آئینی بینچز کی جلد تشکیل انتہائی ناگزیر ہے، وزیر اعلیٰ

## جسٹس یحییٰ آفریدی کی بحیثیت سربراہ سپریم کورٹ تعیناتی کا خیر مقدم کرتے ہیں، جسٹس یحییٰ آفریدی قانون و آئین کی بالادستی کے لئے کلیدی کردار ادا کریں گے

### بحیثیت جج انصاف کی فراہمی کے لئے ان کے گزشتہ فیصلے قانون و آئین کے مطابق نمایاں اہمیت کے حامل رہے ہیں مساوات پر مبنی معاشرے کی تشکیل کے لئے اعلیٰ عدلیہ کا کردار فراموش نہیں کیا جا سکتا، میر سرفراز بگٹی

اسلام آباد (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی کی تقریب حلف برداری میں شرکت کی ایوان صدر میں منعقد ہونے والی تقریب میں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز، وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈا پور و دیگر اعلیٰ شخصیات شریک ہوئے دریں اثناء وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اپنے ایک بیان میں جسٹس یحییٰ آفریدی کو چیف جسٹس........ بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

کا منصب سنبھالنے پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ جسٹس یحییٰ آفریدی کی بحیثیت سربراہ سپریم کورٹ تعیناتی کا خیر مقدم کرتے ہیں انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ جسٹس یحییٰ آفریدی قانون و آئین کی بالادستی کے لئے کلیدی کردار ادا کریں گے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بحیثیت جج انصاف کی فراہمی کے لئے ان کے گزشتہ فیصلے قانون و آئین کے مطابق نمایاں اہمیت کے حامل رہے ہیں انہوں نے کہا کہ مساوات پر مبنی معاشرے کی تشکیل کے لئے اعلیٰ عدلیہ کا کردار فراموش نہیں کیا جا سکتا پارلیمنٹ اور عدلیہ اپنے اپنے مینڈیٹ میں قانون کی حکمرانی اور بالادستی کے لئے اہم کردار کی حامل ہیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ آئینی بینچز کی جلد تشکیل انتہائی ناگزیر ہے وزیر اعلیٰ نے اس توقع کا اظہار کیا کہ اہم آئینی امور نمٹانے کے لئے جسٹس یحییٰ آفریدی آئینی بینچز کی تشکیل کے لئے پہلی فرصت میں اقدامات کریں گے انہوں نے اس یقین کا اظہار کیا کہ چیف جسٹس یحییٰ آفریدی ہر سطح پر عدلیہ میں بہتری لا کر عوام کو بلا تاخیر انصاف کی سہل فراہمی کے لئے اپنا کردار ادا کریں گے۔

## وزیر اعلیٰ کی ٹیسٹ سیریز میں کامیابی پر پاکستانی کرکٹ ٹیم کو مبارک باد

### ٹیم نے بلاشبہ اچھے کھیل کا مظاہرہ کیا اسپنرز نے عمدہ اور متاثر کن کارکردگی دکھائی

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے انگلینڈ کے خلاف ٹیسٹ سیریز میں پاکستانی کرکٹ ٹیم کی کامیابی پر پوری ٹیم اور قوم کو مبارکباد دی ہے اپنے ایک بیان میں وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی.......... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

نے کہا کہ پاکستانی ٹیم نے بلاشبہ اچھے کھیل کا مظاہرہ کیا اسپنرز نے عمدہ اور متاثر کن کارکردگی دکھائی امید ہے یہ تسلسل مستقبل میں بھی جاری رہے گا وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پاکستانی ٹیم کے لئے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے مزید کامیابیوں کے لئے دعا کی۔



وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی، وفاقی وزراء، جام کمال، اعظم نذیر تارڑ چیف جسٹس کی تقریب حلف برداری میں شریک ہیں

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 6

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 22 شمارہ 314 | اتوار، 23 ربیع الثانی، 27 اکتوبر 2024ء، صفحات 8 قیمت 40 روپے

# جسٹس یحییٰ آفریدی آئین وقانون کی بالادستی میں کلیدی کردار ادا کرینگے، وزیر اعلیٰ

## بحیثیت جج ان کے گزشتہ فیصلے اہمیت کے حامل ہیں، سرفراز بگٹی، چیف جسٹس کی تقریب حلف برداری میں شرکت

## قومی کرکٹ ٹیم کی انگلینڈ کیخلاف کامیابی خوش آئند، امید ہے جیت کا یہ تسلسل مستقبل میں بھی جاری رہے گا

اسلام آباد (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی کی تقریب حلف برداری میں شرکت کی ایوان صدر میں منعقد ہونے والی تقریب میں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز، وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈا پور و دیگر اعلیٰ شخصیات شریک ہوئے۔ دریں اثناء وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اپنے ایک بیان میں جسٹس یحییٰ آفریدی (باقی صفحہ 5 نمبر 27)



اسلام آباد، چیف جسٹس پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی کی تقریب حلف برداری، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور دیگر شخصیات شریک ہیں

کو چیف جسٹس کا منصب سنبھالنے پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ جسٹس یحییٰ آفریدی کی بحیثیت سربراہ سپریم کورٹ تعیناتی کا خیر مقدم کرتے ہیں انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ جسٹس یحییٰ آفریدی قانون و آئین کی بالادستی کے لئے کلیدی کردار ادا کریں گے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بحیثیت جج انصاف کی فراہمی کے لئے ان کے گزشتہ فیصلے قانون و آئین کے مطابق نمایاں اہمیت کے حامل رہے ہیں انہوں نے کہا کہ مساوات پر مبنی معاشرے کی تشکیل کے لئے اعلیٰ عدلیہ کا کردار فراموش نہیں کیا جاسکتا پارلیمنٹ اور عدلیہ اپنے اپنے مینڈیٹ میں قانون کی حکمرانی اور بالادستی کے لئے اہم کردار کی حامل ہیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ آئینی بینچز کی جلد تشکیل انتہائی ناگزیر ہے وزیر اعلیٰ نے اس توقع کا اظہار کیا کہ اہم آئینی امور نمٹانے کے لئے جسٹس یحییٰ آفریدی آئینی بینچز کی تشکیل کے لئے پہلی فرصت میں اقدامات کریں گے انہوں نے اس یقین کا اظہار کیا کہ چیف جسٹس یحییٰ آفریدی ہر سطح پر عدلیہ میں بہتری لاکر عوام کو بلا تاخیر انصاف کی سہل فراہمی کے لئے اپنا کردار ادا کریں گے۔ دریں اثنا وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے انگلینڈ کے خلاف ٹیسٹ سیریز میں پاکستانی کرکٹ ٹیم کی کامیابی پر پوری ٹیم اور قوم کا مبارکباد دی ہے اپنے ایک بیان میں وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پاکستانی ٹیم نے بلاشبہ اچھے کھیل کا مظاہرہ کیا اسپنرز نے عمدہ اور متاثر کن کارکردگی دکھائی امید ہے یہ تسلسل مستقبل میں بھی جاری رہے گا وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پاکستانی ٹیم کے لئے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے مزید کامیابیوں کے لئے دعا کی۔

CamScanner

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 5

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)
روزنامہ انتخاب کوئٹہ
رجسٹرڈ نمبر ایل کی I-4
قیمت 30 روپے
صفحات
www.dailyintekhab.PK
Intekhabnews@gmail.com,
Quetta Ph:081-2822909

جلد نمبر 31 | بروز اتوار 27 اکتوبر 2024ء بمطابق 23 ربیع الثانی 1446ھ | شمارہ نمبر 295

# چیف جسٹس یحییٰ آفریدی تقریب حلف برداری میں وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی کی شرکت

## یحییٰ آفریدی کو منصب سنبھالنے پر مبارکباد، قومی ٹیم کی فتح پر بھی مبارکباد، صوبے میں تعلیمی اصلاحات پر اطمینان کا اظہار

کوئٹہ/ اسلام آباد (آن لائن) وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی کی تقریب حلف برداری میں شرکت کی ایوان صدر میں منعقد ہونے والی تقریب میں وزیر اعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی، وزیراعلی پنجاب مریم نواز، وزیر اعلی خیبر پختونخواعلی بقیہ نمبر 67 صفحہ 5 پر

امین گنڈاپور و دیگر اعلی شخصیات شریک ہوئے دریں اثنا وزیر اعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اپنے ایک بیان میں جسٹس یحیی آفریدی کو چیف جسٹس کا منصب سنبھالنے پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ جسٹس یحیی آفریدی کی بحیثیت سربراہ سپریم کورٹ تعیناتی کا خیر مقدم کرتے ہیں۔ علاوہ ازیں وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے انگلینڈ کے خلاف ٹیسٹ سیریز میں پاکستانی کرکٹ ٹیم کی کامیابی پر پوری ٹیم اور قوم کا مبارکباد دی ہے اپنے ایک بیان میں وزیراعلی میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پاکسانی ٹیم نے بلاشبہ اچھے کھیل کا مظاہرہ کیا اسپنرز نے عمدہ اور متاثر کن کارکردگی دکھائی امید ہے یہ تسلسل مستقبل میں بھی جاری رہے گا۔ دریں اثناء وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایات پر محکمہ تعلیم میں اصلاحات کا تسلسل جاری ہے ضلع پشین میں 65 عادی غیر حاضر اساتذہ کو ملازمت سے برطرف کرکے نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے ڈپٹی کمشنر پشین زاہد خان کے مطابق عرصہ دراز سے ڈیوٹی پر نہ آنے والے اساتذہ گھر بیٹھے تنخواہیں وصول کر رہے تھے جن کے خلاف کارروائی عمل میں لائی گئی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 6


THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی اکرام اللہ خان

جلد 28 | اتوار 27 اکتوبر 2024ء بمطابق 23 ربیع الثانی 1446ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 294


ر کشمیری عوام پر بھارت کی جانب سے مظالم کو بے نقاب کرنے کا دن ہے، میر سرفراز بگٹی، پاکستانی عوام جلسوں اور جلوسوں کے ذریعے کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کرینگے، شیخ جعفر مندوخیل

ستان کے عوام
بھائیوں کے ساتھ
زیر اعلیٰ، گورنر

# بھارت جبر سے کشمیری عوام کو دبا نہیں سکتا، شہباز شریف

ن میر سرفراز بگٹی کے جاری کردہ بیان میں 27 اکتوبر کو کشمیری عوام کی بھرپور حمایت کا اعلان کیا گیا جبکہ گورنر بلوچستان شیخ جعفر مندوخیل نے کشمیریوں کے یوم سیاہ پر انکی جدوجہد میں ساتھ دینے کے عزم کا اعادہ کیا

ج کے دن بھارت نے سری نگر میں فوجیں اتار کر کشمیر کے ایک بڑے حصے پر قبضہ کر لیا بھارت 5 اگست 2019ء سے کشمیر پر اپنی گرفت مضبوط کرنے کی کوششوں میں اضافہ کر رہا ہے، پاکستان کشمیریوں کے ساتھ ہے، وزیراعظم پاکستان

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ 27 اکتوبر کا دن کشمیر پر بھارت کے غاصبانہ قبضے اور کشمیری عوام پر ڈھائے جانے والے مظالم کو بے نقاب کرنے کا دن ہے آج ہر پاکستانی بھارت کے اس غاصبانہ قبضے کی کوشش کی مذمت کرتا ہے جو 1947 میں سری نگر میں بھارت کی جانب سے کیا گیا اس یوم سیاہ کو ہم کبھی نہیں بھول سکتے، وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ سے جاری ایک بیان میں میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بھارت نے کشمیری عوام کے بنیادی حقوق کو دبانے کے لیے ظلم و بربریت کی انتہا کر دی ہے تاہم آج بھی یوم حق خودارادیت کی تحریک جاری ہے اور کشمیری عوام کا حوصلہ بلند ہے اور وہ اپنے حقوق کے لئے جدوجہد آزادی میں پوری طرح سے متحرک ہیں 5 اگست 2019 کو بھارت نے عالمی قوانین کی خلاف ورزی کی کشمیری عوام نے بھارت کے تسلط اور ہر طرح کے اقدامات کو مسترد کرتے ہوئے ثابت قدمی سے اپنی جدوجہد کو قائم رکھا ہے پاکستان اپنے کشمیری بھائیوں کی حق خودارادیت کی مکمل حمایت کرتے ہوئے ان سے یکجہتی کا اظہار کرتا ہے اور 27 اکتوبر کو بلوچستان سمیت ملک بھر میں کشمیری بھائیوں سے مکمل اظہار یکجہتی کیا جائے گا، وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ خطے میں پائیدار قیام امن کیلئے مسئلہ کشمیر کو اقوام متحدہ کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق حل کرنا ضروری ہے۔ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے 27 اکتوبر کے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کیلئے یوم سیاہ منایا جا رہا ہے۔ یہ دن کشمیر پر بھارتی قبضے کے خلاف اور حق خودارادیت کشمیر کیلئے جاری جدوجہد کی یاددہانی کے طور پر منایا جاتا ہے۔ اپنے بیان میں گورنر مندوخیل نے کہا کہ قیادت میں پاکستان کے عوام کشمیریوں کے حق خودارادیت کی وکالت کرنے والی اقوام متحدہ کی قراردادوں کی گونج میں جلوسوں، جلسوں اور ریلیوں کے ذریعے اپنی یکجہتی کا اظہار کرینگے۔ پاکستان نے کشمیری عوام کی توجہ مبذول کرانے اور عالمی رائے عامہ کو ہم آہنگ کرنے کیلئے مسلسل بین الاقوامی فورمز پر مسئلہ کشمیر کو اجاگر کیا ہے۔ ہمارے عوام اس دن کو کشمیریوں کی آواز کو بلند کرنے اور اس دیرینہ مسئلے کے حل کیلئے کردار ادا کر رہے ہیں، گورنر مندوخیل نے کہا کہ ضروری ہے کہ کشمیریوں کے حقوق کی وکالت کرنے والی اقوام متحدہ کی قراردادوں کی جلد از جلد پاسداری کریں۔



اسلام آباد، چیف جسٹس آف پاکستان جناب جسٹس یحییٰ آفریدی کی تقریب حلف برداری میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور دیگر شخصیات شریک ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 7

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی صدیق بلوچ

جلد نمبر۔23 | اتوار 27 اکتوبر 2024ء بمطابق 23 ربیع الثانی 1446ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر۔293

# بھارت نے کشمیری عوام کے حقوق غضب کر رکھے ہیں، سرفراز بگٹی

## 1947 میں سری نگر میں بھارت کی جانب سے کیا گیا اس یوم سیاہ کو ہم کبھی نہیں بھول سکتے

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ 27 اکتوبر کا دن کشمیر پر بھارت کے غاصبانہ قبضے اور کشمیری عوام پر ڈھائے جانے والے مظالم کو بے نقاب کرنے کا دن ہے آج ہر پاکستانی بھارت کے اس غاصبانہ قبضے کی کوشش کی مذمت کرتا ہے جو 1947 میں سری نگر میں بھارت کی جانب سے کیا گیا اس یوم سیاہ کو ہم کبھی نہیں بھول سکتے، وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ سے جاری ایک بیان میں میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بھارت نے کشمیری عوام کے بنیادی حقوق کو دبانے کے لیے ظلم و بربریت کی انتہا کر دی ہے تاہم آج بھی یوم حق خودارادیت کی تحریک جاری ہے اور کشمیری عوام کا حوصلہ بلند ہے اور وہ اپنے حقوق کے لئے جدوجہد آزادی میں پوری طرح سے متحرک ہیں 5 اگست 2019 کو بھارت نے عالمی قوانین کی خلاف ورزی کی کشمیری عوام نے بھارت کے تسلط اور ہر طرح کے اقدامات کو مسترد کرتے ہوئے ثابت قدمی سے اپنی جدوجہد کو قائم رکھا ہے پاکستان اپنے کشمیری بھائیوں کی حق خودارادیت کی مکمل حمایت کرتے ہوئے ان سے یکجہتی کا اظہار کرتا ہے اور 27 اکتوبر کو بلوچستان سمیت ملک بھر میں کشمیری بھائیوں سے مکمل اظہار یکجہتی کیا جائے گا، وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ خطے میں پائیدار قیام امن کیلئے مسئلہ کشمیر کو اقوام متحدہ کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق حل کرنا ضروری ہے۔

(بقیہ نمبر 17 صفحہ نمبر 2 پر)

CamScanner

Balochistan Times
MEDIA GROUP
Founded by Syed Faseih Iqbal in 1
balochistantimes.pk @balochistantimes.pk BTimes
Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 899 QUETTA Sunday October 27, 2024 /Rabi' al- Thani 23, 1446

# Bugti hopes Justice Afridi to ensure equality-based society, rule of law

Staff Report

ISLAMABAD: Balochistan Chief Minister Mir Sarfraz Bugti attended the swearing-in ceremony of Chief Justice of Pakistan Justice Yahya Afridi held at the President's House.

CM Bugti congratulated Justice Afridi, expressing hope that he would uphold the law and constitution, promoting an equality-based society.

Besides, Balochistan Chief Minister Mir Sarfraz Bugti, Punjab Chief Minister Maryam Nawaz and Khyber Pakhtunkhwa Chief Minister Ali Amin Gandapur were present on the occasion.

Balochistan Chief Minister Mir Sarfraz Bugti congratulated Justice Yahya Afridi on assuming the post of Chief Justice of Pakistan.

Bugti emphasized the crucial role of Parliament and the judiciary in ensuring rule of law and supremacy. He also expected Justice Afridi to form constitutional benches to address key constitutional issues and ensure swift justice for all.

Meanwhile, Balochistan education department, on the directions of Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti, has dismissed almost 65 habitual absentee teachers from jobs over not performing their duty well. According to details, upon the order of the chief minister to take stern action against the absent employees of education department, the education department will gradually terminate the services of around [illegible] absentee teachers after completing the necessary legal [illegible]. The Chief Minister Sarfraz Bugti, in a social media post on X said that the Balochistan government is committed to improve the education system and provide best education to children at the far-flung areas of the province.

He expressed his determination to ensure the presence of teachers in schools and restore the non-functional schools in the province. "Every closed school in Balochistan will open and every child in the province will go to school," he added.

Separately, CM Balochistan said that October 27 was the day to expose India's usurpation of Kashmir and the atrocities on Kashmiri people. We can never forget the atrocities committed by India in Srinagar in 1947 to suppress the fundamental rights of the Kashmiri people.

He said that struggle for the right to self-determination movement continued till date and the Kashmiri people were highly motivated, adding that on August 5, 2019, India violated international laws. Bugti said that it was necessary to resolve the Kashmir issue according to the resolutions of the United Nations and the aspirations of the Kashmiri people for sustainable peace in the region.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Dated 27 OCT 2024

Bullet No. 1

Page No. 6


# طبی مراکز میں عملے اور ادویہ کی کمی دور کرنا اولین ترجیح ہے، بخت محمد کاکڑ

**صحت اور آبادی معاشرے کا لازمی جزو ہیں اور ان میں بہتری آنے سے مطلوبہ معاشی ترقی کے مسائل کو با آسانی حاصل کیا جاسکتا ہے، صوبائی وزیر صحت کی سول ہسپتال کوئٹہ کے اچانک دورے کے موقع پر گفتگو**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے رات گئے اچانک سول ہسپتال کوئٹہ کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ایم ایس سول ہسپتال کوئٹہ ڈاکٹر نور اللہ موسیٰ خیل نے وزیر صحت کو ہسپتال کی صورتحال اور مسائل کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے مختلف طبی شعبوں بشمول شعبہ امراض قلب، سی سی یو، کارڈیک سرجری، میڈیکل یونٹ-II میڈیکل یونٹ-IV میڈیکل آئی سی یو، اور لیبارٹری کا معائنہ کیا۔ انہوں نے وارڈز میں موجود ڈاکٹرز اور طبی عملے سے مریضوں کی دیکھ بھال کے بارے میں بات چیت کی اور ہسپتال میں داخل مریضوں کی مزاج پرسی بھی کی۔ صوبائی وزیر صحت نے ہسپتال میں ادویات کی دستیابی اور صفائی کی صورتحال پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے ایم ایس سول ہسپتال کوئٹہ، ڈاکٹرز، فارماسسٹس، نرسز، پیرامیڈیکل اسٹاف اور دیگر عملے کی کارکردگی کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ ہسپتال آنے والے مریضوں کے علاج کے لیے تمام طبی سہولیات فراہم کرنا ضروری ہے۔ صحت کے شعبے کو درپیش چیلنجز کا ذکر کرتے ہوئے وزیر صحت نے ڈاکٹروں، نرسوں اور ادویات کی کمی کو دور کرنا حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں۔ وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ صحت کے نظام میں بہتری لانے کے لیے سروس ڈلیوری کو بہتر بنانا ضروری ہے تاکہ غریب عوام کو درپیش مشکلات کم ہوں۔ صحت اور آبادی معاشرے کا لازمی جز ہیں اور ان میں بہتری آنے سے مطلوبہ معاشی ترقی کے مسائل کو با آسانی حاصل کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے ایم ایس کو ہدایت دی کہ وہ عام آدمی کے لیے آسانیاں پیدا کریں اور کہا کہ گورننس بہتر ہونے سے ہسپتال مکمل طور پر فعال ہوں گے۔

## حکومت نے شمسی توانائی منصوبے کو مختصر عرصے میں عملی جامع پہنایا، علی مدد جتک

**ماؤنٹین ویو ٹیک پارک میں نوجوان ہنر سیکھ کر روزگار حاصل کرینگے، صوبائی وزیر کی بات چیت**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر زراعت حاجی علی مدد جتک نے کہا ہے کہ زرعی ٹیوب ویلوں کو شمسی توانائی پر منتقل کرنا ہمارا ایک خواب تھا جسے عملی جامع ہماری حکومت نے پہنایا ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنی رہائش گاہ پر لوگوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ بجلی کی لوڈ شیڈنگ کی وجہ سے زراعت کا شعبہ نہ صرف متاثر بلکہ تباہی کے دہانے پر پہنچ چکا تھا جس کے فوری تدارک کے لیے حکومت خصوصاً وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی انتھک کاوشوں سے ناممکن کام کو ممکن بنایا جا سکا صرف چھ ماہ کی قلیل مدت میں حکومت نے پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کے تحت تین بڑے منصوبوں کا آغاز کر دیا ہے جس میں کوئٹہ میں ماؤنٹین ویو پارک مری آباد، سرکلر روڈ انیٹی گریٹڈ پارکنگ پلازہ اور ایل پی جی ٹیکنیکل لیبارٹری تفتان کے تاریخی منصوبے شامل ہیں انہوں نے کہا کہ ماؤنٹین ویو ٹیک پارک میں چھ ماہ کے دوران ہزاروں نوجوان ہنر مند بن کر برسر روزگار ہوں گے جبکہ سرکلر انیٹی گریٹڈ پارکنگ پلازہ کا شمار دنیا کے جدید ترین پارکنگ پلازہ میں ہوگا جہاں نمبر کے مطابق ڈیجیٹل پارکنگ کی سہولیات دستیاب ہوں گی۔


MASHRIQ QUETTA


## جسٹس یحییٰ آفریدی کو قانون پر عبور حاصل ہے، میر سلیم احمد کھوسہ

**چیف جسٹس آف پاکستان تمام شہریوں کے حقوق کا مساوی تحفظ کریں گے، صوبائی وزیر**

نصیر آباد (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمان لیڈر صوبائی وزیر میر سلیم احمد کھوسہ نے جسٹس یحییٰ آفریدی کی بطور چیف جسٹس آف پاکستان بننے پر مبارکباد جسٹس یحییٰ آفریدی کی بطور چیف جسٹس پاکستان نامزدگی عدلیہ اور عوام کیلئے سودمند ہوگی۔ جسٹس یحییٰ آفریدی کو قانون پر عبور حاصل ہے، جو اس نازک دور کیلئے اہم کردار ادا کرے گا چیف جسٹس آف پاکستان تمام شہریوں کے حقوق کا مساوی تحفظ کریں گے۔ جسٹس یحییٰ آفریدی ......... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

غیر متنازع، غیر سیاسی اور غیر جانبدار شخصیت ہیں۔ جسٹس یحییٰ آفریدی کی تعیناتی سے لوگوں کو انصاف میں درپیش مسائل کا تدارک ہوگا ملک میں انصاف کے ادارے مزید مستحکم ہونگے۔ اور عوام کو فوری کی فراہمی کا عمل مکمل ہوگا عوام کی جانب سے جسٹس یحییٰ آفریدی کی تعیناتی پر خوشی کا اظہار کر رہے ہیں کیونکہ ان کی بدولت عدالتی نظام میں مزید بہتری آئے گی۔


CamScanner

# پرائیویٹ سیکٹر کو کوئٹہ سے کچرہ اٹھانے کا ٹاسک دیدیا گیا، حمزہ شفقات

## ڈیری فارمز کو شفٹ کررہے ہیں، چیمبر آف کامرس کو درخت لگانے کیلئے 100 ایکڑ زمین دینگے، گفتگو

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کمشنر کوئٹہ و ایڈمنسٹریٹر حمزہ شفقات نے کہا ہے کہ پرائیویٹ سیکٹر کو 90 کروڑ روپے میں کوئٹہ سے کچہرہ اٹھانے کا ٹاسک دیا گیا ہے، کوئٹہ شہر کے تمام وارڈز میں ڈیری فارمز پر مکمل پابندی عائد کرکے ڈیری فارمز کو شفٹ کررہے ہیں، چیمبر آف کامرس کو درخت لگانے کے لئے 100 ایکڑ زمین دیں گے۔ یہ بات انہوں نے چیمبر آف کامرس کے دورہ کے موقع پر صحافیوں سے گفتگو میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ تاجر برداری کے مسائل ایک ہفتہ میں حل کریں گے، مجھے پانچ ماہ پہلے یہ عہدہ ملا اب تک بہت سارے کام کیے ہیں، 14 اگست کے بعد صفائی مہم کا آغاز کردیا گیا ہے، انہوں نے کہا کہ ایک سروے کے مطابق کوئٹہ شہر میں روزانہ 1600 ٹن کچہرہ جمع ہوتا ہے اور صرف 4 سو ٹن اٹھایا جاتا ہے، شہر میں اب بھی 30 لاکھ ٹن کچرہ پڑا ہوا ہے، وسائل کی کمی کی وجہ سے کچرہ اٹھانے میں دشواری کا سامنا ہے۔ قبل ازیں چیمبر آف کامرس کے سینئر نائب صدر حاجی اختر نے کمشنر کوئٹہ کو تاجروں کے مسائل سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ کوئٹہ زلزلہ زون پر قائم ہے، بلڈنگ کوڈ پر عملدرآمد کیا جائے، سلاٹر ہاوس کوئٹہ میں موجود لیکن غیر فعال ہیں اسے فعال کیا جائے۔ ایکسپو سینٹر کے قیام کی منظوری ہونے کے باوجود تاحال بلوچستان اس سے محروم ہے۔ انہوں نے کہا کہ نالیاں بند ہونے کی وجہ سے سیورج کا پانی سڑک پر بہتا ہے، شہر میں ٹریفک کا مسئلہ ابتر ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کی فلاح و بہبود سے متعلق اقدامات کے حوالے سے کمشنر و ایڈمنسٹریٹر کوئٹہ کو مکمل سپورٹ کریں گے۔

# پشین میں 65 غیر حاضر اساتذہ ملازمت سے برطرف

## 44 خواتین اور 21 مرد شامل، برطرف اساتذہ گھر بیٹھے تنخواہیں وصول کررہے تھے

پشین (نامہ نگار) وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر محکمہ تعلیم میں اصلاحات کا عمل جاری ہے، اس حوالے سے ایک نوٹی فلیشن کے ذریعے ضلع پشین میں 65 غیر حاضر اساتذہ کو ملازمت سے برطرف کردیا گیا، جن میں 44 خواتین جبکہ 21 مرد اساتذہ شامل ہیں، برطرف اساتذہ کو بیڈا کے تحت ملازمت سے فارغ کیا گیا، ضلعی محکمہ تعلیم کے حکام کا اس سلسلے میں کہنا ہے کہ عرصہ دراز سے ڈیوٹی پر نہ آنے والے اساتذہ گھر بیٹھے تنخواہیں وصول کررہے تھے۔ وزیر اعلیٰ نے 800 غیر حاضر اساتذہ کی برطرفی کا حکم دے دیا ہے، ضروری قانونی تقاضے پورے کرکے بتدریج مزید برطرفی ہوگی۔

INTEKHAB QUETTA

# پولیس افسران کے تبادلوں کے احکامات پر 20 روز بعد بھی عملدرآمد نہ ہوسکا

## لسبیلہ اور حب کے 10 افسران میں سے صرف 3 قلات رینج آفس میں رپورٹ کرسکے، باقی براجمان

حب (نمائندہ انتخاب) پولیس افسران کے ڈسٹرکٹ پولیس سے CTD میں تبادلے کے احکامات آئی جی پولیس بلوچستان کے دفتر سے جاری نوٹیفکیشن پر 20 دن بعد بھی عملدرآمد نہ ہوسکا لسبیلہ اور حب ڈسٹرکٹ پولیس کے 10 افسران میں سے صرف 3 افسران قلات رینج آفس میں رپورٹ کرسکے دیگر سیاسی اثر ورسوخ پر اپنی پوسٹنگ پر براجمان ڈی جی خان سیمنٹ پولیس چیک پوسٹ کے انچارج بھی

بقیہ نمبر 21 صفحہ 5 پر

بدستور قائم ودائم ایس ایس پیز کی جانب سے نفری کی کمی کا رونا جبکہ پولیس افسران کیلئے بھتہ اکٹھا کرنے پر درجنوں اہلکار نہ صرف غیرقانونی کابلی گاڑیاں استعمال کرنے اور مبینہ غیرقانونی سرگرمیوں کو جاری رکھے ہوئے ہیں حب لسبیلہ پولیس میں سیاسی مداخلت کا عنصر بڑھ گیا اس سلسلے میں بتایا جاتا ہے کہ آئی جی پولیس بلوچستان کے دفتر سے 17 اکتوبر 2024ء کو جاری ہونے والے ایک نوٹیفکیشن کے مطابق خلع خضدار حب اور لسبیلہ کے 12 پولیس افسران جن میں حب اور لسبیلہ ڈسٹرکٹ پولیس کے 10 افسران شامل تھے کو ڈسٹرکٹ پولیس سے تبادلہ کر کے CTD قلات رینج میں بھجوانے کے احکامات جاری کیے گئے تاہم مذکورہ افسران میں سے تادم تحریر موصولہ اطلاعات کے مطابق ڈسٹرکٹ حب کے صرف 3 افسران CTD قلات رینج کے دفتر حب میں رپورٹ کر سکے ہیں جبکہ دیگر 7 افسران ابھی تک SHO دریجی سعید عمرانی، انچارج D/G خان سیمنٹ پولیس چیک پوسٹ حاجی عبدالرشید سمیت باقی اپنی اپنی پوسٹنگ پر براجمان ہیں ذرائع کے مطابق دونوں اضلاع کے ایس ایس پیز کی جانب سے IG کو مراسلہ ارسال کیا گیا ہے کہ نفری کی کمی ہے تاہم زمینی حقائق دیکھے جائیں تو نفری کی کمی کو پورا کرنے کیلئے اقدامات کئے جاسکتے ہیں بتایا جاتا ہے کہ لیویز فورس کو پولیس میں ضم کرنے کے حوالے سے بھی اقدامات نہیں کیئے جارہے اور نہ ہی درجنوں اہلکار جو کہ مختلف سیاسی شخصیات کے گھروں اور دفاتر پر ڈیوٹی کررہے ہیں سمیت درجنوں پولیس اہلکار پولیس افسران کے ''بیٹر'' بنے ہوئے ہیں اور کوئی سرکاری ڈیوٹی کے بغیر نہ صرف غیرقانونی کابلی گاڑیاں استعمال کرتے ہیں اور افسران کے نام پر بھتہ اکٹھا کرنے کی غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث ہیں کو ان مبینہ غیرقانونی سرگرمیوں سے ہٹا کر نہ صرف نفری کی کمی پوری کی جاسکتی ہے بلکہ حب شہر میں جاری قتل وغارت گری اور لوٹ مار کی بڑھتی ہوئی وارداتوں کی روک تھام کیلئے بروئے کار لایا جاسکتا ہے لیکن ان تمام اقدامات سے گریزاں بالا پولیس افسران نہ تو اوپر کی کمائی سے ہاتھ اٹھانے کو تیار نظر آتے ہیں اور نہ ہی پولیس میں بڑھتی ہوئی سیاسی مداخلت کے دروازے بند کرنے کیلئے تیار دکھائی دیتے ہیں ذرائع بتاتے ہیں کہ حال ہی میں ایک بالا آفیسر کے بیٹر SHO کے تبادلے کے بعد نئے بیٹر کی تلاش مکمل ہونے تک ایک دفتری بابو کو ذمہ داریاں سونپی گئی ہیں۔

# محکمہ کھیل بلوچستان کے پاس گریڈ 17 کے آفیسر کم پڑ گئے

## گریڈ 1 کے سوئیپر کو گریڈ 17 پر ترقی دیکر ایکٹنگ ڈسٹرکٹ اسپورٹس آفیسر جعفرآباد تعینات کردیا گیا

جعفرآباد (یو این اے) محکمہ کھیل بلوچستان کے پاس گریڈ 17 کے آفیسر کم پڑ گئے، گریڈ 1 کے سوئیپر کو گریڈ 17 پر ترقی دیکر ایکٹنگ ڈسٹرکٹ اسپورٹس آفیسر جعفرآباد تعینات کردیا گیا محکمہ کھیل بلوچستان نے تقرر و تبادلوں میں انوکھا طریقہ اختیار کرلیا۔ گریڈ 1 میں بھرتی سوئیپر کو 6 سال کی خدمات کے عوض گریڈ 17 میں ترقی دیکر ڈسٹرکٹ اسپورٹس آفیسر جعفرآباد تعینات کردیا گیا۔ جعفرآباد میں

بقیہ نمبر 22 صفحہ 5 پر

نئے تعینات ہونے والے ڈی ایس او سمیت کمار ولد مو بن 13 ستمبر 2017 کو محکمہ کھیل میں گریڈ 1 پر سوئیپر بھرتی ہوئے تھے۔ 2023 میں انہیں گریڈ 1 سے گریڈ 16 میں ترقی دیکر سپروائیزر تعینات کیا گیا اور اب انہیں 2024 میں گریڈ 17 کی خالی آسامی پر جعفرآباد میں ایکٹنگ ڈسٹرکٹ اسپورٹس آفیسر تعینات کیا گیا ہے۔ سوئیپر سے سپروائیزر اور اب ایکٹنگ ڈی ایس او تعینات ہونے والے سمیت کمار نے جعفرآباد پہنچ کر اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا ہے اور ڈپٹی کمشنر اظہر شہزاد سے بھی ملاقات کی ہے۔ سمیت کمار کو سابق ڈسٹرکٹ اسپورٹس آفیسر عاشق علی چنہ کے پرموشن پاکر ڈویژنل ڈائریکٹر اسپورٹس سبی تعینات ہونے کے بعد انکی جگہ ایکٹنگ ڈی ایس او جعفرآباد تعینات کیا گیا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 27 OCT 2024

Page No. 12


## اوستہ محمد: چوروں اور گھر کے سربراہ کے درمیان فائرنگ، 2 بہنیں جاں بحق

**چوری کی واردات کے دوران نظر محمد بیدار ہوگیا، پڑوسی کی مدد سے ایک چور پکڑ کر پولیس کے حوالے کردیا گیا**

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) اوستہ محمد میں نامعلوم چوروں وگھر کے سربراہ کے درمیان فائرنگ کے تبادلے میں دو سگی بہنیں جاں بحق اور گھر کا سربراہ شدید زخمی ہوگیا، پڑوسی کی مدد سے ایک چور کو پکڑ کر کے پولیس کے حوالے کردیا گیا۔ پولیس کے مطابق اوستہ محمد کے علاقے پولیس تھانہ صدر کی حددو میں گوٹھ بیرل آباد میں نامعلوم افراد جن کی تعداد تین بتائی جاتی ہے، نظر محمد کے گھر میں چوری کررہے تھے کہ اسی اثنا میں گھر کا مالک بیدار ہوا جس پر مبینہ چوروں نے فائرنگ شروع کردی جس کے نتیجے میں گھر کی سربراہ کی دو بچیاں 7 سالہ مسمات خ اور 8 سالہ مسمات د موقع پر ہی جاں بحق ہوگئیں۔ فائرنگ سے گھر کا سربراہ شدید زخمی ہوگیا۔

## اسپلنجی سے دو بھائیوں کی تشدد زدہ لاشیں برآمد

کوئٹہ (آن لائن) مستونگ کے علاقے اسپلنجی سے 2 افراد کی تشدد زدہ لاشیں برآمد ہوئی ہیں جنہیں فائرنگ کرکے ہلاک کیا گیا ہے ہسپتال میں لاشوں کی شناخت خوشحال اور اس کے بھائی کے نام سے ہوئی۔

## خضدار: فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق، ایک زخمی

خضدار (نامہ نگار) تحصیل نال کے علاقہ ٹوبڑو کے مقام پر نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ایک زخمی ہوگیا واقعہ کی اطلاع ملتے ہی لیویز فورس کے جوان جائے وقوع پر پہنچ گئے لاش اور زخمی کو سول ہسپتال نال منتقل کردیا جہاں مقتول کی شناخت محمد قاسم کے نام سے ہوئی جبکہ زخمی مہیم خان کو ابتدائی طبی امداد کے بعد مزید علاج کے لئے گورنمنٹ ٹیچنگ ہسپتال خضدار منتقل کردیا گیا۔ ابتدائی طور پر قتل کی وجہ معلوم نہیں ہوسکی۔

## قلات: فائرنگ سے ایک شخص ہلاک، دو افراد گرفتار

**پولیس نے موقع واردات سے فرار ہونے والوں کو بروقت کارروائی کرتے ہوئے گرفتار کرلیا**

قلات (آن لائن) قلات میں مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص موقع پر جاں بحق، مقتول کے ورثا کی درخواست پر پولیس تھانہ میں ایف آئی آر درج، پولیس کی بروقت کارروائی فائرنگ سے قتل ہونے والے حبیب اللہ نامی شخص کے قتل کے دو نامزد ملزمان گرفتار، پولیس ذرائع کے مطابق قلات گلی رئیس توک شادیزئی میں جمعہ اور ہفتے کی درمیانی رات کو گھر کے سامنے فائرنگ کرکے ایک نوجوان حبیب اللہ ولد رحمت اللہ لانگو کو فائرنگ کرکے قتل کرنے کے بعد ملزمان موقع سے فرار ہوگئے پولیس کو واقعہ کی اطلاع ملتے ہی علاقے کو گھیرے میں لیکر مختلف ایریاز کے داخلی وخارجی راستوں پر سخت چیکنگ شروع کردی گئی جس کے بعد ڈی ایس پی منظور احمد مینگل ایس ایچ او حبیب الرحمن بابئی آئی پی عبدالقادر لانگو ایس آئی فیاض احمد اے ایس آئی قادر اے سی عبدالرشید سراج احمد پندرانی و دیگر کے ہمراہ چھاپہ مار کر قتل میں نامزد دو ملزمان کو واردات میں استعمال ہونے والے موٹر سائیکل سمیت چھ گھنٹے کے اندر گرفتار کیا گیا اویس احمد اور شاہ فہد کو گرفتار کرکے میڈیا کے سامنے پیش کیا۔

## دکی: دھماکے کے باعث گاڑی میں سوار 4 سیکورٹی اہلکار زخمی

دکی (نامہ نگار) دکی میں سیکورٹی فورسز کی گاڑی بارودی سرنگ سے ٹکرا جانے کے نتیجے میں 4 سیکورٹی اہلکار نائب صوبیدار اختر لانس نائک محمد اصغر سپاہی ثاقب اور سپاہی تہذیب زخمی ہوگیا زخمیوں کو فوری طور ہسپتال منتقل کیا گیا جہاں ان کی حالت خطرے سے باہر بتائی جاتی ہے ذرائع کے مطابق دھماکہ بظاہر بارودی سرنگ سے ٹکرانے کے باعث ہوا۔


MASHRIQ QUETTA


## گوادر سمندری حدود میں مسلح ٹرالرز کی فائرنگ، اورماڑہ میں ماہی گیری کا شعبہ خطرے میں

**چار ٹرالر موجود جو زندین رک سمندری حدود میں فشریز ٹیم پر حملہ کررہے ہیں، اسسٹنٹ ڈائریکٹر**

گوادر (این این آئی) گوادر ضلع کی سمندری حدود میں مسلح ٹرالرز کی جانب فائرنگ کا سلسلہ جاری، اورماڑہ میں سمندری صورتحال انتہائی کشیدہ، صبح 11 بجے سے مسلح ٹرالر فشریز پٹرولنگ ٹیم پر حملہ کرکے نشانہ بنارہے ہیں، دیگر سمندری سیکیورٹی محافظ مدد کیلئے تاحال نہ پہنچے، ضلع گوادر کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز اورماڑہ کے مطابق اس وقت چار ٹرالر موجود ہیں جو کہ زندین رک کی سمندری حدود میں فشریز ٹیم پر حملہ کررہے ہیں. جس سے دونوں......... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر


بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر


جانب سے فائرنگ کا تبادلہ جاری ہے۔ اس حوالے سے جب اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز اورماڑہ سہراب مگسی سے رابطہ کیا گیا تو ان کا کہنا تھا کہ آج صبح گیارہ بجے سے مسلح ٹرالر فشریز پٹرولنگ ٹیم کو نشانہ بنا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا ہے کہ فشریز ٹیم نے ان کی مدد کے لئے دیگر سمندری سیکیورٹی اداروں سے بھی رابطہ کیا تاہم ابھی تک کوئی نہیں آیا جب کہ دوسری جانب ٹرالر مافیا کی جانب سے فائرنگ کا سلسلہ جاری ہے۔


CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 5

Dated 27 OCT 2024

Page No. 13

# بارڈر بندش کیخلاف رخشان مکران ٹریڈ لائنس کا کل احتجاج مظاہرہ کا اعلان

## بلوچستان میں 80 فیصد لوگوں کا روزگار ایران بارڈر سے دوطرفہ تیل اور اشیاء خوردونوش کی تجارت سے وابستہ ہے

## بارڈر تجارت پر پابندی سے لوگ نان شبینہ کے محتاج ہوکر رہ گئے ہیں گھروں کے چولہے ٹھنڈے پڑ گئے ہیں، جنید ریکی

کوئٹہ ( آن لائن ) رخشان مکران بارڈر ٹریڈ الائنس بلوچستان کے رہنماء جنید ریکی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں 80 فیصد لوگوں کا روزگار ایران بارڈر سے دوطرفہ تیل اور اشیاء خوردونوش کی تجارت سے وابستہ ہے بارڈر تجارت پر پابندی سے لوگ نان شبینہ کے محتاج ہوکر رہ گئے ہیں گھروں کے چولہے ٹھنڈے پڑ گئے ہیں حکومت لوگوں کو باعزت روزگار دینے کی بجائے انہیں مزید بے روزگاری کی طرف دھکیل رہی ہے جس کے منفی نتائج برآمد ہوں گے 28 اکتوبر کو مطالبات کے حق میں کوئٹہ پریس کلب سے ریلی نکال کر بلوچستان اسمبلی کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کیا اس موقع پر میران حیات، حاجی خلیل دہانی، سیف اللہ سیفی، عارف درازئی اشرف ساگر سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ 2 سال سے زائد عرصہ سے ایران بارڈر پر رخشان اور مکران ڈویژن میں تیل کے کاروبار سے وابستہ ہیں صوبائی اور وفاقی حکومت نے بارڈر تیل کے کاروبار اور اشیائے خوردونوش کی تجارت پر پابندی کر رکھی ہے اس حوالے سے رخشان اور مکران ڈویژن میں تیل کے کاروبار کیلئے گاڑیوں کو باقاعدہ رجسٹرڈ کیا گیا اور نمبر وائز بارڈر سے تیل لانے اور اندرون بلوچستان ترسیل کرنے کی اجازت دی گئی تھی اب پہلے مرحلے میں ہفتے میں تین ایام بارڈر پر چھٹی کے احکامات دیئے گئے ہیں بعد ازاں فی الفور تیل کی ترسیل پر ضلع بندی کے احکامات دیئے گئے ہیں جس کے باعث بلوچستان میں بے روزگاری میں اضافہ ہوگیا ہے اگر بارڈر تجارت پر پابندیاں ختم نہ کی گئیں تو رخشان مکران ٹریڈ الائنس بلوچستان بھر میں احتجاج کرے گی۔ 28 اکتوبر کو کوئٹہ پریس کلب سے ریلی نکال کر بلوچستان اسمبلی کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کریں گے اور مظاہرین کی مشاورت سے آئندہ کا لائحہ عمل طے کریں گے اس حوالے سے تمام بارڈری علاقوں کے کاروباری لوگوں سے رابطے جاری ہیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily AZADI QUETTA

Bullet No. 6

Dated 27 OCT 2024

Page No. 16

# بلوچستان میں زراعت کے شعبے میں بہتری لانے کیلئے وفاقی اور صوبائی حکومت کے انقلابی اقدامات!

بلوچستان ایک زرعی صوبہ ہے تقریباً 80 فیصد سے زائد آبادی کا انحصار زراعت پر ہے۔ بلوچستان کو غذائی پیداوار میں خود کفیل بنانے کیلئے حکومتی دلچسپی ناگزیر ہے۔ بلوچستان میں پانی کی قلت اور بجلی کی عدم فراہمی جیسے اہم مسائل کی وجہ سے بلوچستان اب تک غذائی پیداوار میں خودکفیل نہیں بن سکا ہے۔ بلوچستان میں 2 کروڑ سے زائد ایکڑ زرخیز زمین کاشت کاری کیلئے موزوں ہے جسے آباد کرنے کیلئے پانی کی کمی کا سامنا ہے جس کیلئے ڈیمز کی تعمیر ناگزیر ہے تاکہ گرین بیلٹ سمیت دیگر اضلاع کی زمینیں آباد ہوں اور بلوچستان میں غذائی پیداوار میں تیزی سے اضافہ ہو جس سے زمینداروں کو تو فائدہ پہنچے گا ساتھ ہی بلوچستان حکومت بھی غذائی پیداوار کے ذریعے اپنی آمدن بڑھائے گا۔ ایک اہم مسئلہ زرعی ٹیوب ویلوں کی شمسی توانائی پر منتقلی سے حل ہونے جارہا ہے جس کا افتتاح گزشتہ دنوں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پشین میں کیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے تقریب سے خطاب کے دوران کہا کہ مجھے خوشی ہے کہ جو خواب دیکھا تھا آج اسے حقیقت میں بدل دیا ہے۔ آج اس میگا پروگرام کو باقاعدہ عملی شکل دے دی گئی ہے۔ یہ اہم منصوبہ بلوچستان میں زرعی انقلاب لائے گا۔ اس منصوبے کی تکمیل میں وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف نے صوبائی حکومت کو اپنا بھرپور تعاون فراہم کیا۔ ہمیں خوشی ہے وفاقی حکومت نے صوبائی حکومت کے مؤقف کی بھرپور تائید کی، اگر اس منصوبے میں کچھ تاخیر ہوئی تو اسکے پیچھے نیک نیتی ہے۔ حکومت زمینداروں کو شمسی توانائی پر منتقلی کے لیے پیسے براہِ راست زمینداروں کے اکاؤنٹ میں بھیجے گی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا کہنا تھا کہ یہ آپ کے پیسے ہیں آپ کو ہی ملنے چاہییں۔ اس عمل کو شفافیت کی مثال بنائیں گے۔ بہرحال وفاقی اور صوبائی حکومت کی جانب سے زرعی شعبے کے فروغ اور ترقی کیلئے اقدامات قابل ستائش ہیں۔ اب دوسرا مسئلہ پانی کا ہے جس کے لیے ڈیمز کی تعمیر ضروری ہے، اس کے علاوہ ساتھ دیگر صوبوں کے ساتھ پانی کے معاہدے موجود ہیں ان پر عمل کیا جائے تو بلوچستان میں زراعت کا شعبہ خطے میں معاشی تبدیلی لائے گا۔ امید ہے کہ پانی کے مسئلے کو بھی جلد حل کیا جائے گا تاکہ بلوچستان میں غذائی پیداوار میں تیزی آسکے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily بلوچستان نیوز

Bullet No. 6

Dated: 27 OCT 2024

Page No. 15

## کوئٹہ کی خوبصورتی: جاری ترقیاتی عمل کی بروقت تکمیل ناگزیر!!

بلوچستان کا مرکزی شہر ہونے کے ناطے کوئٹہ کی تعمیر وترقی اور یہاں کے باسیوں کو بہتر سے بہتر سہولیات کی فراہمی کے لئے ہم انہی صفحات اور انہی سطور میں پہلے بھی متعدد بار اپنی رائے دیتے ہوئے مختلف تجاویز دیتے آئے ہیں کوئٹہ کو ماضی میں جس توجہ، منصوبہ بندی، تعمیر وترقی کے منصوبوں اور دوٹوک عملی اقدامات کی ضرورت تھی اس ضرورت کا ماضی کی حکومتوں نے اچھے سے خیال نہیں رکھا اور نتیجہ یہ نکلا کہ جوں جوں وقت گزرتا رہا کوئٹہ کے مسائل میں اضافہ ہوتا گیا یہ ایک بہت بڑا المیہ ہے مگر ساتھ ہی ایک اچھی اور خوش آئند پیشرفت بھی ہے اور وہ پیشرفت یہ ہے کہ موجودہ حکومت نے نہ صرف ان مسائل کا نوٹس لیتے ہوئے ان کے حل کے لئے دوٹوک عملی اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا ہے بلکہ وزیراعلیٰ، کابینہ اراکین اور ضلعی انتظامیہ اس حوالے سے پوری طرح پرعزم بھی ہے اور عملی طور پر کوشاں بھی اس لئے یہ امید کی جارہی ہے کہ ماضی کی عدم توجہی کا ازالہ کرتے ہوئے موجودہ حکومت کوئٹہ کی تعمیر وترقی کے نئے منصوبے بھی شروع کرے گی، زیر تکمیل اور جاری ترقیاتی عمل کی تکمیل بھی کرے گی اور ایک ایسا ٹریک بنا کر جائے گی جس پر چلتے ہوئے آئندہ آنے والی حکومتوں کو بھی کوئٹہ کی تعمیر وترقی اور اہلیان کوئٹہ کو سہولیات کی فراہمی کے اہداف کے حصول میں غیر معمولی معاونت ملے گی گزشتہ روز بھی ہم نے انہی سطور میں پارکنگ پلازے اور دیگر منصوبوں کا ذکر کرتے ہوئے وزیراعلیٰ کے دوٹوک عزم کا تذکرہ کیا تھا آج بھی ہم چاہتے ہیں کہ کوئٹہ کی تعمیر وترقی اور جاری ترقیاتی عمل کے حوالے سے وزیراعلیٰ کے وژن اور عزم کا ذکر کریں۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے گزشتہ روز کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج اور کوئٹہ شہر کی خوبصورتی سے متعلق لئے جانے والے اقدامات کا جائزہ لینے کے لئے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کی ہے اور اس موقع پر ایک بار پھر اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ کوئٹہ کی تعمیر وترقی کے منصوبوں کو بروقت مکمل کیا جائے گا اور اس حوالے سے کسی قسم کی کوئی بھی رکاوٹ خاطر میں نہیں لائی جائے گی۔ سرکاری ذرائع سے اس اجلاس کی جاری ہونے والی تفصیلات کے مطابق اعلیٰ سطحی اجلاس میں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سمیت سیکرٹریز، ضلعی انتظامی افسران اور دیگر متعلقہ حکام شریک تھے کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج دراصل کوئٹہ کو اس کا سابقہ حسن وخوبصورتی واپس دلانے کے لئے شروع کئے گئے ایسے منصوبوں کا مجموعہ ہے جس کی بدولت کوئٹہ شہر ایک نئی کروٹ لے کر سامنے آئے گا اجلاس کو کوئٹہ پراجیکٹ سے متعلق بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ اندرون شہر سڑکوں کی بحالی جاری ہے اور جلد تمام سڑکوں کی کارپٹنگ مکمل کر دی جائے گی ایئرپورٹ روڈ کی خوبصورتی اور تزین و آرائش کے لئے اقدامات کئے جارہے ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کوئٹہ کی خوبصورتی خصوصاً ایئرپورٹ روڈ پر کام کی سست روی پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ہدایت کی کہ متعلقہ حکام کام کی رفتار کو تیز کریں شہر میں خوبصورتی کی غرض سے لگائے گئے مختلف تاریخی مجسموں اور پارکوں کو منشیات کے عادی افراد کے باعث نقصان پہنچتا ہے جس کے لئے ضروری ہے کہ منشیات بحالی مراکز کو فعال بنایا جائے۔

# Cases against BNP leaders

The recent registration of an FIR against Balochistan National Party (BNP-Mengal) leader Sardar Akhtar Mengal and other party leaders under the Anti-Terrorism Act, as well as the arrest of senior party leaders in Islamabad, has sparked concerns about escalating political uncertainty in the province. This move is likely to exacerbate tensions and undermine trust between the government and opposition parties.

The BNP-Mengal has been vocal about its grievances, particularly regarding human rights violations in Balochistan. Such moves contribute to the perception that the government is using heavy-handed tactics to silence dissenting voices.

The arrest of political leaders will likely further polarize the situation, making it challenging to find common ground. The government must take pragmatic steps to address the underlying issues driving the unrest in Balochistan. This includes engaging in meaningful dialogue with opposition parties, investigating allegations of human rights abuses, and working towards a more inclusive and representative political process. The arrest of opposition leaders under the Anti-Terrorism Act may be perceived as an attempt to stifle dissent and undermine democratic processes. Balochistan's economic development and social welfare must be prioritized to address the province's historical grievances. The legislators in Balochistan Assembly including that of Engineer Zamrak Khan Achakzai of the ANP, a coalition government ally, criticised the federal government's approach, arguing that Sardar Akhtar Mengal is a respected politician and that registering an FIR against him was provocative. He called on the chief minister of Balochistan to press the federal government to withdraw the case. While Balochistan National Party Mengalleader Agha Hassan Baloch has announced a series of protests across Balochistan, starting with a province-wide shutter-down strike on Oct 30. The strike will be followed by a wheel-jam strike on national highways on Nov 2.

It is essential that the government should initiate a dialogue with the BNP-Mengal and other opposition parties to address their concerns and work towards finding mutually beneficial solutions. The government should strive for more inclusive and representative governance structures, ensuring that all regions and communities have a voice. Initiatives to promote economic development and social welfare in Balochistan must be prioritized. Ultimately, the government's response to the situation will determine the course of political stability in Balochistan. By engaging in constructive dialogue and addressing the underlying issues, the government can help reduce tensions and create a more conducive environment for democratic participation. Balochistan province has been suffering from deteriorated law and order, poverty and backwardness therefore the federal government needs to take steps to strengthen the trust between province and federation which only possible when it takes practical steps and address the grievances of people.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان


Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6

Dated 27 OCT 2024

Page No. 17

# یوم سیاہ: کشمیر کی آزادی کی جدوجہد کا مظہر



دربار

طارق خان ترین

مقبوضہ جموں و کشمیر کے مسئلے کو عالمی سطح پر اجاگر کرنے کے لیے دنیا بھر کے کشمیری ہر سال 27 اکتوبر کو یوم سیاہ کے طور پر مناتے ہیں۔ یہ وہ دن ہے جب 1947 میں بھارتی فوجیں ریاست میں داخل ہوئیں اور اس پر غیر قانونی قبضہ کیا گیا۔ اس قبضے کو کشمیر کی تاریخ میں ایک سیاہ ترین دن کے طور پر یاد کیا جاتا ہے گزشتہ پون صدی کے دوران بھارت نے مقبوضہ جموں و کشمیر میں ظلم و ستم کی ایک طویل تاریخ رقم کی ہے جس میں نہ صرف انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیاں شامل ہیں بلکہ کشمیری عوام کی شناخت اور ان کی مذہبی و ثقافتی آزادی پر بھی شدید قدغن لگائی گئی ہے۔ یہ قبضہ نہ صرف غیر قانونی ہے بلکہ اس نے کشمیریوں کے عزم کو مزید مستحکم کیا ہے کہ وہ کبھی بھی اس غاصبانہ قبضے کو قبول نہیں کریں گے۔ 27 اکتوبر کا دن اقوام متحدہ کی اس قرارداد کی یاد دلاتا ہے جس میں کشمیری عوام کو ان کا حق خودارادیت دینے کا عزم کیا گیا تھا اس دن کے موقع پر کشمیری یہ پیغام دیتے ہیں کہ ان کا عزم متزلزل نہیں ہوگا اور وہ اپنی آزادی کے حصول کے لیے ہر ممکن جدوجہد جاری رکھیں گے۔ کشمیریوں کے نمائندہ پلیٹ فارم، حریت کانفرنس کے مطابق، کشمیر کا مسئلہ خطے کے دیرپا امن اور ترقی کے لیے اہمیت رکھتا ہے۔ حریت کانفرنس کے رہنما میر واعظ عمر فاروق کہتے ہیں کہ مسئلہ کشمیر کا پرامن حل ہی اس خطے میں مستقل امن لا سکتا ہے۔ انہوں نے عالمی برادری سے اپیل کی کہ وہ بھارتی جبر کے خلاف آواز اٹھائے اور غیر قانونی طور پر قید کشمیری رہنماؤں کو فوری رہا کیا جائے۔ کشمیری عوام کے اس عظیم حوصلے اور ثابت قدمی کو دیکھتے ہوئے، یہ بات واضح ہے کہ مسئلہ کشمیر کے حل کے بغیر جنوبی ایشیاء میں امن و استحکام ممکن نہیں۔ بھارت کی جانب سے فوجی طاقت کے ذریعے کشمیریوں کی آواز کو دبانے کی کوششیں ناکام ہو چکی ہیں۔ پاکستان کا کشمیر کے بارے میں موقف ہمیشہ سے واضح اور اصولی رہا ہے جموں و کشمیر ایک متنازعہ علاقہ ہے جس کا حل کشمیری عوام کے حق خودارادیت کی بنیاد پر ہونا چاہیے، جیسا کہ اقوام متحدہ کی قراردادوں میں تسلیم کیا گیا ہے۔ پاکستان نے ہمیشہ کشمیریوں کے حقوق کے لیے آواز بلند کی ہے اور ان کے ساتھ اپنی اخلاقی، سیاسی، اور سفارتی حمایت کا عزم کیا ہے۔ پاکستانی حکومت کا مؤقف ہے کہ کشمیر کے مسئلے کا حل جنوبی ایشیا میں امن اور استحکام کے لیے لازمی ہے۔ کشمیر کا مسئلہ ایک انسانی حقوق کا معاملہ ہے، جہاں بھارت کی جانب سے ظلم و جبر جاری ہے۔ پاکستان نے اقوام متحدہ سمیت ہر بین الاقوامی فورم پر یہ مطالبہ کیا ہے کہ کشمیریوں کو ان کا بنیادی حق، یعنی حق خودارادیت دیا جائے تاکہ وہ اپنے مستقبل کا فیصلہ خود کر سکیں۔ پاکستان کے کشمیر موقف کو عالمی سطح پر کئی اہم ممالک کی حمایت حاصل ہے ترکی نے ہمیشہ کشمیر کے معاملے پر پاکستان کے مؤقف کی تائید کی ہے۔ ترک صدر رجب طیب اردوان نے اقوام متحدہ میں اپنے خطاب میں مسئلہ کشمیر کو حل کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے اور کشمیری عوام کے حقوق کی کھل کر حمایت کی ہے۔ ترکی کا کہنا ہے کہ یہ مسئلہ عالمی قوانین اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل کیا جانا چاہیے تاکہ کشمیریوں کو ان کا حق خودارادیت مل سکے۔ آذربائیجان بھی پاکستان کے کشمیر مؤقف کا حامی رہا ہے۔ اسلامی تعاون تنظیم (OIC) کے پلیٹ فارم پر آذربائیجان نے ہمیشہ پاکستان کی حمایت کی ہے اور کشمیری عوام کے حقوق کے لیے آواز اٹھائی ہے۔ آذربائیجان کا یہ مؤقف رہا ہے کہ خطے میں دیرپا امن کے لیے کشمیر کا حل ضروری ہے، اور وہ اس حوالے سے پاکستان کے ساتھ کھڑا ہے۔ ایران نے بھی کشمیر کے مسئلے پر کئی بار اپنی حمایت کا اظہار کیا ہے اسلامی تعاون تنظیم کے پلیٹ فارم پر اکثر مسلم ممالک نے کشمیر کے حق میں قراردادیں پاس کی ہیں اور بھارت کے ظلم و ستم کی مذمت کی ہے۔ او آئی سی نے اس بات کو یقینی بنایا ہے کہ کشمیر کا مسئلہ عالمی سطح پر اجاگر ہو اور عالمی برادری اس کے حل کی کوششوں میں حصہ لے۔ یوم سیاہ کا یہ موقع کشمیریوں کے جذبہ حریت کو اجاگر کرتا ہے اور ان کی آزادی کی خواہش کا ترجمان ہے۔ بھارتی قبضے کے باوجود، کشمیری اپنی جدوجہد کو جاری رکھنے کے لیے پرعزم ہیں، اور انہیں یقین ہے کہ ایک دن ان کی قربانیاں رنگ لائیں گی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6

Dated 27 OCT 2024

Page No. 18


## وعدوں سے تکمیل کا سفر صرف چھ ماہ کی قلیل مدت میں

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کی سربراہی میں بلوچستان حکومت کی جانب سے




# 3 پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت بڑے منصوبوں کا آغاز

- کوئٹہ میں ماؤنٹین ویوٹیک پارک مری آباد، سرکلر روڈ انٹی گریٹڈ پارکنگ پلازہ اور ایل پی جی ٹیکنیکل لیبارٹری تفتان کے تاریخی منصوبے شامل
- مری آباد میں 15 سال سے تعمیر شدہ بلڈنگ میں بلوچستان کے پہلے آئی ٹی پارک کا قیام
- ماؤنٹین ویوٹیک پارک میں ایک ہزار نوجوان آئندہ 6 ماہ میں ہنرمند بن کر برسرروزگار ہونگے جبکہ سرکلر انٹی گریٹڈ پارکنگ پلازہ کا شمار دنیا کے جدید ترین پارکنگ پلازہ میں ہوگا
- جہاں نمبر کے مطابق ڈیجیٹل پارکنگ کی سہولیات ہوں گی دستیاب، یہ پارکنگ پلازہ کوئٹہ میں ٹریفک کے مسائل کا حل ثابت ہوگا
- عوامی وسائل کیساتھ ساتھ نجی شعبے کی شراکت سے ان منصوبوں کی بدولت صوبہ بھر کے عوام تک پہنچیں گے ترقی کے ثمرات

محکمہ اطلاعات | حکومت بلوچستان

07/26.10.2024 www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan